88

# PSYCHOLOGY HSSC–II

## SECTION – A (Marks 20)

**Time allowed: 25 Minutes** **Version Number 4 3 5 1**

**Note: Section – A is compulsory. All parts of this section are to be answered on the separately provided OMR Answer Sheet which should be completed in the first 25 minutes and handed over to the Centre Superintendent. Deleting/overwriting is not allowed. Do not use lead pencil.**

**Q. 1 Choose the correct answer A / B / C / D by filling the relevant bubble for each question on the OMR Answer Sheet according to the instructions given there. Each part carries one mark.**

1) Which process begins prior to birth and continues till death?
A. Growth B. Growth and development
C. Maturation D. Development

2) Maturation is based on:
A. Development B. Growth
C. Growth and development D. All correct

3) Child psychology may be called a branch of:
A. Developmental psychology B. Clinical psychology
C. Adult psychology D. Psychology of Adolescence

4) Mental image of the objects refers to:
A. Experiences B. Operation C. Schema D. Assimilation

5) Schemas are the general concepts that are based on:
A. Operation B. Experience C. Heredity D. None of these

6) Which of the concepts given below suggests that things can be brought back to the previous state?
A. Conservation B. Centration
C. Reversibility D. Conservation and reversibility

7) Which of the following theories of development describes two types of development?
A. Lawrance Kohlberg B. Jean Piaget
C. Erik Erikson D. Gilligan

8) Flight or fight response was introduced by:
A. Walter Cannon B. Freud
C. Ashraf Ali Thanvi D. Watson

9) All defence mechanisms contain the element of:
A. Deceiving others B. Self-deception
C. No deception D. Deceiving others and self-deception both

10) Symptoms of schizophrenia can be divided into these categories:
A. Positive, negative and others B. Negative and others
C. Positive and others D. Positive

11) Which of the following is an eating disorder?
A. Phobia B. Panic disorder
C. Acute stress disorder D. Bulimia Nervosa

12) The process of modifying previous schema is called:
A. Accommodation B. Assimilation
C. Operation D. Decentration

13) First level of Kohlberg's theory of moral development is:
A. Cosmic orientation B. Pre-conventional morality
C. Conventional morality D. Post conventional morality

14) Process of socialization is **NOT**:
A. Continuous B. Temporary
C. Permanent D. Continuous and permanent

15) An individual's more or less consistent and enduring behaviour towards other individuals, objects, institutions or problems is called:
A. Prejudice B. Anti-social behaviour
C. Attitude D. None of these

16) The use of psychological principles for treatment of mental disorders is called:
A. Spiritual therapy B. Psychotherapy
C. Physical therapy D. Both A and B

17) Balancing power in the structure of personality introduced by Sigmund Freud is:
A. Super Ego B. Id C. Ego D. Ideal Self

18) The client's attitude of ignoring appointment time, non-payment of dues, silence instead of speaking are indicative of:
A. Free Association B. Resistance
C. Transference D. Ambivalence

19) Carl Rogers attached much importance to the development of the self. He introduced the following concepts in this regard:
A. Ideal self B. Real self C. A and B D. None of these

20) Who is of the view that irrational ideas/thinking leads towards mental disorders/illness?
A. Freud B. Carl Rogers C. Jung D. Albert Ellis

eduvision.edu.pk

# نفسیات ایچ ایس ایس سی-II

| Version No. | 4 | 3 | 5 | 1 |
|---|---|---|---|---|

وقت: 25 منٹ　　　　حصہ اوّل (کُل نمبر:20)

**نوٹ:** حصہ اوّل لازمی ہے۔ اس کے جوابات الگ سے مہیا کی گئی او ایم آر (OMR) جوابی کاپی پر دیں۔ اس کو پہلے پچیس منٹ میں مکمل کر کے ناظم مرکز کے حوالے کریں۔ کاٹ کر دوبارہ لکھنے کی اجازت نہیں ہے۔ لیڈ پنسل کا استعمال ممنوع ہے۔

**سوال نمبر۱:** مہیا کی گئی او ایم آر (OMR) جوابی کاپی پر دی گئی ہدایات کے مطابق ہر سوال کا درست جواب A/B/C/D منتخب کر کے متعلقہ دائرہ (Bubble) پُر کریں۔ ہر جزو کا ایک نمبر ہے۔

1) کون سا عمل پیدائش سے پہلے شروع ہوتا ہے اور موت تک جاری رہتا ہے؟
A بالیدگی　B بالیدگی اور نشوونما　C پختگی　D نشوونما

2) پختگی کی بنیاد ہے:
A نشوونما　B بالیدگی　C بالیدگی اور نشوونما　D تمام درست ہیں

3) بچوں کی نفسیات ________ کی شاخ کہلاتی ہے۔
A نشوونما/نموئی نفسیات　B طبی نفسیات　C جوانی کی نفسیات　D نفسیات بلوغت

4) اشیا کی ذہنی تصویر/عکس ________ کہلاتا ہے۔
A تجربہ　B وظیفہ　C سکیما　D یکجائیت

5) سکیما عمومی تصورات ہوتے ہیں، ان کی بنیاد ________ پر ہوتی ہے۔
A وظیفہ　B تجربات　C ورثہ　D درج شدہ میں سے کوئی نہیں

6) نیچے دیے گئے تصورات میں سے کونسا تجویز کرتا ہے کہ چیزوں کو ان کی پہلے والی حالت میں واپس لایا جاسکتا ہے؟
A استقامت　B مرکزیت　C اُلٹ پھیر　D استقامت اور الٹ پھیر

7) نیچے دیے گئے نشوونما کے نظریات میں سے کونسا نظریہ دو طرح کی نشوونما کو بیان کرتا ہے؟
A لارنس کوہلبرگ　B جین پیاجے　C ایرک ایرکسن　D گلیگن

8) فرار یا مقابلے کا ردِعمل متعارف کروایا:
A والٹر کینن نے　B فرائڈ نے　C اشرف علی تھانوی نے　D واٹسن نے

9) تمام دفاعی ردِ اعمال میں عنصر پایا جاتا ہے:
A دوسروں کو دھوکہ دینے کا　B خود فریبی کا　C کوئی دھوکہ یا فریب نہیں　D دوسروں اور خود کو دھوکہ دینے کا

10) انشقاقِ ذہنی کی علامات کو ________ میں تقسیم کیا جاسکتا ہے۔
A مثبت، منفی اور دیگر　B منفی اور دیگر　C مثبت اور دیگر　D مثبت

11) نیچے دیے گئے امراض میں سے کونسا طعام کا مرض ہے؟
A بے جا خوف　B ہراسانی کا مرض　C فوری فشار کا مرض　D پُرخوری/ابولیمیا نروسا

12) ایسا عمل جس میں پرانے سکیما میں ردوبدل کیا جاتا ہے کیا کہلاتا ہے؟
A موافقت　B یکجائیت　C وظیفہ　D غیر مرکزیت

13) کوہلبرگ کے اخلاقی نشوونما کے نظریے کا پہلا لیول کیا ہے؟
A اخلاق کا آفاقی درجہ　B قبل روایتی اخلاقیات　C روایتی اخلاقیات　D مابعد روایتی اخلاقیات

14) سماجی تربیت/سماجیانے کا عمل ________ نہیں ہوتا ہے۔
A مسلسل　B عارضی　C مستقل　D مسلسل اور مستقل

15) کسی فرد کا دوسرے افراد، اشیاء، اداروں یا مسائل کے بارے میں کم و بیش مستقل اور پائیدار طرزِ عمل کیا کہلاتا ہے؟
A تعصب　B سماج دشمن کردار　C رویہ　D درج شدہ میں سے کوئی نہیں

16) ذہنی امراض کے علاج کے لیے نفسیاتی اصولوں کا استعمال کہلاتا ہے:
A روحانی علاج　B نفسیاتی علاج　C جسمانی علاج　D الف اور ب دونوں

17) سگمنڈ فرائڈ کے متعارف کردہ شخصیت کے ڈھانچے میں توازن پیدا کرنے والی قوت کیا کہلاتی ہے؟
A فوق الانا　B لاذات　C انا　D مثالی ذات

18) موکل کا ایسا رویہ جس میں وہ طے شدہ وقت پر نہیں پہنچتا، واجبات ادا نہیں کرتا اور بولنے کی بجائے خاموشی اختیار کرتا ہے سے ________ کا اظہار ہوتا ہے۔
A آزاد تلازم کا　B مزاحمت کا　C انتقالیت کا　D دوجذبیت کا

19) کارل راجرز نے ذات کی نشوونما کو بہت اہمیت دی ہے۔ اس نے اس سلسلے میں کون سے تصورات متعارف کروائے؟
A مثالی ذات　B حقیقی ذات　C الف اور ب دونوں　D درج شدہ میں سے کوئی نہیں

20) کس کے خیال میں غیر معقول خیالات/سوچ ذہنی امراض/بیماریوں کی طرف لے جاتی ہے؟
A فرائڈ　B کارل راجرز　C یونگ　D البرٹ ایلس

eduvision.edu.pk

# PSYCHOLOGY HSSC–II

**Time allowed: 2:35 Hours** **Total Marks Sections B and C: 65**

**NOTE:** **Answer any eight parts from Sections 'B' and all the questions from Section 'C' on the separately provided answer book. Use supplementary answer sheet i.e. Sheet–B if required. Write your answers neatly and legibly.**

## SECTION – B (Marks 40)

**Q. 2 Answer any EIGHT parts. Be brief and to the point in your answers.** **( 8 x 5 = 40 )**

(i) Explain formal operational stage of cognitive development.

(ii) How is mental health judged under social criterion?

(iii) Explain Moulana Ashraf Ali Thanvi's concept of mental health.

(iv) Differentiate between obsession and compulsion with the help of an example.

(v) Describe psychosocial causes of schizophrenia.

(vi) What is Bulimia Nervosa? How is it diagnosed?

(vii) Write factors affecting eating habits.

(viii) How is public opinion formed?

(ix) Compare 'Authoritarian' and 'Ignoring' styles of social training / socialization.

(x) How is the 'technique of Content Analysis' used for the measurement of attitude?

(xi) Write the importance of dream analysis in psychoanalysis technique developed by Sigmund Freud.

## SECTION – C (Marks 25)

**Note:** **Attempt ALL the questions.**

**Q. 3** Describe various criteria which differentiate between 'Normal' and 'Abnormal' behaviour. **(13)**

**Q. 4** Write various types of schizophrenica. **(12)**

**(OR)**

What is public opinion? How is it formed and measured?

eduvision.edu.pk

## حصہ دوم (کُل نمبر 40)

**سوال نمبر۲:** مندرجہ ذیل میں سے آٹھ (08) اجزاء کے جوابات دیں۔آپ کے جوابات مختصر اور سوالات کے عین مطابق ہونے چاہئیں۔ **(8x5=40)**

(i) وقوفی نشوونما کے باضابطہ عملی درجے/منزل کی وضاحت کریں۔

(ii) سماجی معیار کے تحت ذہنی صحت کو کیسے پرکھا/جانچا جاسکتا ہے؟

(iii) مولانا اشرف علی تھانوی کے ذہنی صحت کے تصور کی وضاحت کریں۔

(iv) ایک مثال کی مدد سے خیالات کے تسلط اور جبری افعال میں فرق واضح کریں۔

(v) انشقاقِ ذہنی کے نفسی وسماجی اسباب بیان کریں۔

(vi) پُرخوری کیا ہے؟ اس کی تشخیص کیسے ہوتی ہے؟

(vii) کھانے کی عادات کو متاثر کرنے والے عوامل تحریر کریں۔

(viii) رائے عامہ کی تشکیل کیسے ہوتی ہے؟

(ix) بچوں کی سماجی تربیت/سماجیت کے آمرانہ اور سرد مہری کے انداز کا موازنہ کریں۔

(x) مواد کے تجزیے کا طریقہ رویوں کی پیمائش کے لیے کیسے استعمال کیا جاتا ہے؟

(xi) سگمنڈ فرائڈ کے متعارف کردہ تحلیل نفسی کے طریقہ علاج/مشاورت میں خوابوں کے تجزیے کی اہمیت تحریر کریں۔

## حصہ سوم (کُل نمبر 25)

**(تمام سوال حل کریں۔)**

**سوال نمبر۳:** طبعی (نارمل) اور غیر طبعی (ابنارمل) کردار میں فرق کرنے کے لیے مختلف معیار بیان کریں۔ **(13)**

**سوال نمبر۴:** انشقاقِ ذہنی کی مختلف اقسام تحریر کریں۔ **(12)**

**(یا)**

رائے عامہ کیا ہے؟ اس کی تشکیل اور پیمائش کیسے ہوتی ہے؟

eduvision.edu.pk